سوال

(156) حوض کوثر صرف محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہوگا یا دوسرے انبیاء کا بھی؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حوضِ کوثر صرف محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی ہوگا؟ یا دوسرے انبیاء علیہم السلام اجمعین کے بھی ہوں گے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حوضِ کوثر کا ذکر تو کتاب و سنت میں موجود ہے، جس میں شک و شبہ کی گنجائش نہیں۔ البتہ ہر نبی کے حوض ہونے کا ذکر بھی بعض روایات میں موجود ہے مگر ان کی اسانید کمزور ہیں تفصیل کے لیے دیکھیں: فتح الباری (١١ ٤٦٧)

سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نبی کا ایک حوض ہے اور انبیاء آپس میں فخر کریں گے کہ کس کے حوض پر زیادہ لوگ آتے ہیں، مجھے اُمید ہے کہ میرے حوض پر آنے والوں کی تعداد سب سے زیادہ ہوگی۔ (صحيح جامع الترمذي، ابواب صفة القيامة، باب صفة الحوض الصحيحة: 1489)

[فتاویٰ علمائے حدیث]()

جلد 09 ص